کیانجاشی کا جنازہ غائبانہ تھا؟

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2355

تاریخ اجراء: 27 جمادی الثانی 1445ھ / 10 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے نجاشی کا غائبانہ جنازہ ادا فرمایا تھا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اس بات کو کوئی بالکل ثابت نہیں کر سکتا کہ وہ غائبانہ جنازہ تھا، نجاشی کے واقعہ کے حاضرین بیان فرماتے ہیں کہ میت سامنے حاضر تھی۔ صحیح ابن حبان میں ہے: ”عن عمران بن حصين، قال: «أنبأنا رسول الله صلى الله عليه وسلم، أن أخاكم النجاشي توفي، فقوموا فصلوا عليه، فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم، وصفوا خلفه، وكبر أربعا وهم لا يظنون إلا أن جنازته بين يديه» “ترجمہ: حضرت عمران بن حصین سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تمہارا بھائی نجاشی مر گیا، اٹھو اس پر نماز پڑھو۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے، صحابہ نے پیچھے صفیں باندھیں۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے چار تکبیریں کہیں، صحابہ کرام علیہم الرضوان یہی سمجھتے تھے کہ ان کا جنازہ، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہے۔

(صحیح ابن حبان، جلد 7، صفحہ 369، حدیث 3102، مؤسسة الرسالة، بیروت)

عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں ہے ” وذكر الواحدي في (أسبابه) عن ابن عباس، قال: كشف للنبي صلى الله عليه وسلم عن سرير النجاشي حتى رآه وصلى عليه “ترجمہ: واحدی نے اپنی کتاب "اسباب" میں ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لئے نجاشی کے جنازے کی چارپائی منکشف کر دی گئی، حتی کہ آپ علیہ الصلاۃ والسلام نے اسے دیکھا اور اس پر نماز پڑھی۔ (عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، ج 8، ص 119، دار الکتب العلمیة، بیروت)

تفسیر قرطبی میں ہے ” أن الأرض دحيت له جنوبا وشمالا حتى رأى نعش النجاشي، كما دحيت له شمالا وجنوبا حتى رأى المسجد الأقصى “ترجمہ: بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لئے جنوباً شمالاً

زمین کو لپیٹ دیا گیا حتی کہ آپ نے نجاشی کی میت کو دیکھ لیا، جیسا کہ آپ کے جنوباً شمالاً زمین کو لپیٹا گیا تھا تو آپ نے مسجد اقصی کو دیکھ لیا تھا۔(تفسیر قرطبی، ج2، ص82، دار الکتب المصریۃ، القاھرۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net